81933-کیا علیحدہ رہائش لے کردینا بیوی کے حقوق میں شامل ہوتا ہے ؟

سوال

اگروالدین کے گھر میں جگہ بھی ہواوروہاں کوئی اور غیر محرم نہ بھی ہو توکیا پھر بھی بیوی کووالدین کے ساتھ رکھنا بیوی کے حقوق کے منافی ہوگا یا نہیں ؟

پسندیدہ جواب

بیوی کا اپنے خاوند پر حق ہے کہ وہ بیوی کے لیے امن وامان والی رہائش مہیا کرے ، اس میں خاوند کی مالی استطاعت کو مدنظر رکھا جائیگا اور وہ اپنی مالی استطاعت کے مطابق بیوی کو رہائش مہیا کرنے کا پابند ہے ، لھذا مالدار خاوند اپنے شایان شان رہائش بیوی کو لے کردے گا ، اور تنگدست پر اس طرح کی رہائش مہیا کرنا ہوگی جو اللہ نے اسے استطاعت دے رکھی ہے .

اگر بیوی کسی اور کو اپنے ساتھ رکھنے سے ضرر محسوس کرتی ہو توخاوند اپنی بیوی کے ساتھ کسی اور کو نہیں رکھ سکتا مثلا خاوند اپنے والدین یا کسی دوسری بیوی کی اولاد کو بیوی کی رضامندی کے بغیر نہیں رکھ سکتا .

اور اگر خاوند کے والدین محتاج اور ضرورتمند ہوں اور بیوی ان کے ساتھ رہنے میں کوئی ضرر و نقصان محسوس نہیں کرتی تو ہم بیوی کو نصیحت کرتے ہیں کہ وہ اس ضرورتمند کا خیال کرتے ہوئے اللہ سے ڈرے ، اور اسے یہ معلوم ہونا چاہیے کہ خاوند کے والدین سے حسن سلوک کرنا خاوند کے ساتھ حسن معاشرت میں شامل ہوتا ہے .

اور ایک عقلمند خاوند ایسا کرنے پر اپنی بیوی کی قدر کرتا ہے ، جس سے خاوند اور بیوی کے مابین تعلقات میں اور زیادہ محبت و مودت پیدا ہوتی ہے .

اور اگر ممکن ہوسکے تو خاوند اپنے والدین کے لیے گھر بنائے ، اور بیوی کے لیے ان کے قریب ہی گھر بنا دے تاکہ دونوں علیحدہ ہوں اور دونوں کو ان کی خدمت کرنے میں بھی کوئی مشکل پیش نہ آسکے ، بہتر تو یہی ہے کیونکہ اس طرح والدین اور بیوی دونوں کو ہی حقوق مل جائیں گے ، اور نہ ہی خاوند اور بیوی میں کوئی اختلافات پیدا ہونگے ، اور نہ ہی والدین کے ساتھ قطع رحمی ہوسکے گی .

رہائش کے بارہ میں بیوی کے حقوق کا تفصیلی بیان سوال نمبر (7653) کے جواب میں ہوچکا ہے آپ اسکا مطالعہ ضرور کریں .

خاوند کے والدین کے ساتھ رہنے کی بنا پر خاوند اور بیوی کے مابین پیدا ہونے والے اختلافات اور مشکلات کو دیکھنے والا شخص علماء کرام کے اس قول کی حکمت معلوم کرسکتا ہے کہ بیوی کو علیحدہ رکھنا بیوی کے حقوق میں شامل ہے .

لیکن اگر بیوی اپنے خاوند اور ساس سسر کے ساتھ حسن سلوک کرتے ہوئے اور خاص کر اگر ساس سسر خدمت کے محتاج ہوں اور بیوی ان کے ساتھ رہنے پر راضی ہوجائے تو ان شاء اللہ اسے اجروثواب حاصل ہوگا ، لیکن اسے پھر صبر و تحمل سے کام لینا چاہیے ، اللہ تعالی ہی مددگار ہے اور اسی پر بھروسہ ہے .

واللہ اعلم .